ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

اسکول آف فائنانس سی پی او میں خصوصی سیمینار کا انعقاد۔

کراچی 29 جنوری 2020ء:۔

ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ نعیم شیخ کی جانب سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں قائم اسکول آف فائنانس اینڈ آئی ٹی میں قانون کی عمل داری/ نفاذ میں تربیت کی اہمیت کے عنوان سے ایک خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔یہ سیمینار سوشل میڈیا کی ایک سیریز قانون میرا محافظ ہے کا حصہ ہے۔اس موقع پر ایس پی صدر زاہدہ پروین اور قانون میرا محافظ سیریز کے چیف کوآرڈینٹر نے شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ نے پولیس افسران اور جوانوں کی تربیت کے حوالے سے جاری اور مستقبل میں اُٹھائے جانیوالے اقدامات/ پروگرامز/منصوبوں کا تفصیلی احاطہ کیا اور بالخصوص انویسٹی گیشن پولیس افسران کے لیئے ماڈرن ٹریننگ پروگرام پر بھی روشنی ڈالی۔

محترمہ فوزیہ طارق نے خواتین اور بچوں کے خلاف ہونیوالے جرائم کے انسداد میں سوشل میڈیا سیریز قانون میرا محافظ کے تحت حاصل اہداف اور کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔

سیمنار سے خطاب کرنیوالے مہمانانِ گرامی میں سابقہ وفاقی وزیر برائے قانون بیرسٹر شاہدہ جمیل،سابقہ آئی جی سندھ نیاز احمد صدیقی،ایڈیشنل آئی جی حیدرآباد ڈاکٹر جمیل احمد،ڈی آئی جی سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروس ڈویژن مقصود احمد میمن اور پرنسپل اسکول آف فائنانس اینڈ آئی ٹی ڈی ایس پی طارق مغل بھی شامل تھے۔

بیرسٹر شاہدہ جمیل نے قانون کی عمل داری کے موقع پر انسانی حقوق کے احترام،چادر اور چاردیواری کے تقدس پر روشنی ڈالتے ہوئے بالخصوص عالمی معیار اور قانون کے نفاذ کے حوالے سے بہترین اقدامات کا بھی احاطہ کیا۔

ڈی آئی جی مقصود احمد نے خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کے انسداد میں مددگار 15 کے کردار کا احاطہ کیا۔

ڈاکٹر جمیل احمد نے قانون کے نفاذ میں کمیونٹی کی شمولیت اور کمیونٹی پولیسنگ جیسے اقدامات سے معاشرے پر مرتب ہونیوالے مثبت اثرات کے بارے میں بتایا۔

نیاز احمد صدیقی نے جینڈر ریسپونس وائلنس اور جنسی زیادتی سے متاثرہ بچوں کو فوری انصاف کی فراہمی میں قانون میرا محافظ کے نمائندگان،سندھ پولیس کے باہم اشتراک اور اس ضمن میں مددگار 15،واٹس ایپ گروپس کے کردار اور کاوشوں کی تعریف کی اور سراہا۔

ڈی آئی جی ٹریننگ نے اس موقع پر محترمہ فوزیہ طارق اور نیاز احمد صدیقی کو سندھ پولیس کی جانب سے یادگاری شیلڈز پیش کیں۔

سیمینار کے اختتام پر تمام مہمانانِ گرامی نے قانون میرا محافظ کی بانی محترمہ فوزیہ طارق کے سندھ پولیس کے ساتھ باہمی اشتراک سے معاشرے کے ایک اہم طبقے کو باقاعدہ ایک پلیٹ فارم فراہم کرنیکے عمل کی تعریف کی۔فوزیہ طارق نے اس موقع پر سندھ پولیس کی جانب سے کمیونٹی کی بے لوث خدمت اور اس نیک عمل میں شانہ بشانہ اقدامات کو سراہا اور ہر ممکن تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔